# بلدیہ نرویانو

## میٹروپولیٹن سٹی آف میلان

## شعبۂ خدماتِ عامہ          دفترِ تعلیم

پروٹوکول نمبر__________:          عنوان: ۷، درجہ: ۱

**بخدمت**: پرائمری اسکول **R. Levi Montalcini** اور **M. Teresa di Calcutta** کے ان طلبہ کے والدین/سرپرستان جو **اسکول بس سروس** میں رجسٹرڈ ہیں۔

## <u>موضوع: پرائمری اسکول کے لیے اسکول بس سروس – تعلیمی سال ۲۰۲۶/۲۰۲۷</u>

تعلیمی سال **2026/2027** کے تدریسی اوقات سے متعلق اسکول سرکلر نمبر **231** اور **4** کے حوالے سے تمام متعلقہ والدین اور سرپرستان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پیر، ۱۴ **ستمبر** ۲۰۲۶ سے اسکول بس سروس درج ذیل طریقۂ کار اور اوقات کے مطابق فراہم کی جائے گی۔

## R. Levi Montalcini / Via Roma پرائمری اسکول کے رجسٹرڈ طلبہ Via Trento / S. Ilario کے اسکول میں منتقلی کے لیے بس نمبر ۱ اور ۲

**<u>اسکول جاتے وقت</u>** طلبہ کے جمع ہونے کا وقت: **صبح ۷:۵۰** بجے۔ مقام **Via Roma**: **پرائمری اسکول**

والدین اور طلبہ سے خصوصی طور پر درخواست کی جاتی ہے کہ مقررہ وقت کی سختی سے پابندی کریں، کیونکہ بس کی روانگی کے مقررہ وقت میں تاخیر کرنا ممکن نہیں ہوگا۔

**روانگی: صبح 7:55** بجے          **Via Trento** آمد: **صبح 8:10** بجے

## واپسی

پیر ۱٤ ستمبر سے بدھ ١٦ ستمبر تک:

Via Trento سے روانگی :دوپہر ١٢:١٥ بجے Via Roma پہنچنے کا متوقع وقت :تقریباً ١٢:٢٥ بجے

جمعرات ۱۷ ستمبر سے:

Via Trento سے روانگی :شام ٤:١٥ بجے Via Roma پہنچنے کا متوقع وقت :تقریباً ٤:٢٥ بجے۔

# M. Teresa di Calcutta / S. Ilario پرائمری اسکول کے رجسٹرڈ طلبہ

# Garbatola منتقلی کے لیے

## اسکول جاتے وقت

طلبہ کے جمع ہونے کا وقت : صبح ۸:۱۰ بجے

مقام – **Via Torricelli**: جم کے داخلی بڑے گیٹ کے سامنے

تمام والدین اور طلبہ سے درخواست کی جاتی ہے کہ مقررہ وقت کی مکمل پابندی کریں، کیونکہ بس کی روانگی میں تاخیر نہیں کی جا سکتی۔

**روانگی: صبح 8:15 بجے Via Filzi/Garbatola آمد: صبح 8:25 بجے**

## واپسی

پیر ١٤ ستمبر سے بدھ ١٦ ستمبر تک: Via Filzi سے روانگی :دوپہر ١٢:٥٠ بجے
Via Trento پہنچنے کا متوقع وقت :تقریباً ١:٠٠ بجے

جمعرات ١٧ ستمبر سے:
Via Filzi سے روانگی :شام ٤:٥٠ بجے Via Trento پہنچنے کا متوقع وقت :تقریباً ٥:٠٠ بجے۔

## اہم ہدایات

درج بالا اوقات کا سروس کے عملی آغاز کے بعد دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔ ٹریفک کی صورتحال اور طلبہ کو بس میں سوار کرنے اور اتارنے کے لیے درکار وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے، ضرورت پڑنے پر ان اوقات میں تبدیلی کی جا سکتی ہے۔

اسکول سے واپسی کے وقت اساتذہ تمام طلبہ کو اسکول کی عمارت کے اندر ایک جگہ جمع کریں گے، جس کے بعد مقررہ معاون/نگران انہیں اسکول بس تک لے جائے گا۔

# بچوں کو والدین یا مجاز شخص کے حوالے کرنے کا طریقۂ کار

واپسی پر طلبہ کو **صرف ان کے والدین یا والدین کی جانب سے باقاعدہ طور پر مجاز قرار دیے گئے شخص** کے حوالے کیا جائے گا اور متعلقہ شخص کی شناختی دستاویز کی جانچ کی جائے گی۔

والدین کی جانب سے مقرر کردہ مجاز شخص کو ہر مرتبہ **بچے کو وصول کرتے وقت والدین کے دستخط شدہ اجازت نامے (Delega)** کی کاپی پیش کرنا ضروری ہوگا۔

تمام والدین اور مجاز افراد سے درخواست کی جاتی ہے کہ وقت کی سختی سے پابندی کریں اور مقررہ وقت سے مناسب طور پر پہلے پہنچیں، تاکہ اسکول ٹرانسپورٹ سروس کے معمول کے نظام میں کسی قسم کی رکاوٹ یا تاخیر پیدا نہ ہو۔

## غیر باقاعدہ حاضری اور سروس سے اخراج

موجودہ ضابطے کے **آرٹیکل ۸ bis**- کے مطابق، بالخصوص ان طلبہ کے لیے سروس کی دستیابی یقینی بنانے کے مقصد سے جو انتظار کی فہرست میں شامل ہیں، دفترِ تعلیم ایسے طلبہ کو **تحریری اطلاع کے ذریعے اسکول بس سروس سے خارج کر سکتا ہے** جن کی سروس کے استعمال میں، خواہ صرف **15 دن کے لیے ہی کیوں نہ ہو، بلاجواز بے قاعدگی** پائی جائے۔

یہ بے قاعدگی اسکول جانے یا اسکول سے واپسی، یا دونوں سفروں سے متعلق ہو سکتی ہے۔

مثال کے طور پر درج ذیل حالات کو غیر باقاعدہ استعمال تصور کیا جا سکتا ہے:

- مسلسل اور طویل غیر حاضری، جس کی کوئی مناسب وجہ یا وضاحت فراہم نہ کی گئی ہو؛
- اسکول بس سروس کا غیر مسلسل استعمال اور بار بار بلاجواز غیر حاضری؛
- ایسے طلبہ کی جانب سے اسکول بس کے بجائے زیادہ تر **پری اسکول (Pre-Scuola)** اور/یا **پوسٹ اسکول (Post-Scuola)** سروس کا استعمال، جو ان خدمات کے لیے بھی رجسٹرڈ ہوں۔

یہ مثالیں صرف وضاحت کے لیے ہیں اور بے قاعدہ استعمال کی صورتیں صرف انہی تک محدود نہیں ہیں۔

## اسکول بس کے سفر کے دوران طلبہ کے طرزِ عمل سے متعلق ضوابط

تمام طلبہ کو یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ اسکول بس میں سفر کے دوران عملے اور دیگر طلبہ کے ساتھ **مہذب، ذمہ دارانہ اور احترام پر مبنی رویہ** اختیار کرنا لازمی ہے۔

یہ ذمہ داری اسکول ٹرانسپورٹ سروس کے ضابطے کے **آرٹیکل ۱۰ اور ۱۱** کے مطابق مقرر کی گئی ہے۔ مذکورہ ضابطہ بلدیاتی کونسل کی قرارداد نمبر **4 مورخہ ۲۷,۰۳,۲۰۱۲** کے ذریعے منظور کیا گیا تھا اور بعد ازاں قرارداد نمبر **C.C./16 مورخہ ۲۵,۰۳,۲۰۱۳، نمبر ۸۴ مورخہ ۲۲,۰۷,۲۰۲۵ اور نمبر ۵۹ C.C./ مورخہ ۲۳,۰۶,۲۰۲۶** کے ذریعے اس میں ترامیم کی گئی ہیں۔ یہ ضابطہ بلدیہ کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

اگر کسی طالب علم کی جانب سے مہذب اور مناسب طرزِ عمل سے متعلق کسی بھی ضابطے کی خلاف ورزی پائی گئی تو مناسب تادیبی اقدامات کیے جائیں گے، جن میں ضرورت پڑنے پر **طالب علم کو اسکول بس سروس سے خارج کرنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔**

## طلبہ کا شناختی کارڈ

تمام طلبہ کو ایک **شناختی کارڈ (Tesserino di riconoscimento)** فراہم کیا جائے گا۔

یہ شناختی کارڈ براہِ راست اسکول بس میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر طالب علم کے نام پر ذاتی طور پر جاری کیا جائے گا۔

طالب علم کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ یہ شناختی کارڈ اپنے پاس محفوظ رکھے اور نگرانی پر مامور عملے کی درخواست پر اسے پیش کرے۔

جن والدین نے ابھی تک شناختی کارڈ پر لگانے کے لیے بچے کی **پاسپورٹ سائز تصویر (Fototessera)** دفترِ تعلیم میں جمع نہیں کروائی، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ **فوری طور پر** تصویر جمع کروائیں۔

# ہڑتال، اجلاس یا ناگزیر حالات

یہ واضح کیا جاتا ہے کہ اگر ہڑتال، اجلاس یا کسی دیگر ناگزیر اور غیر معمولی صورتحال **(Cause di forza maggiore)** کی وجہ سے اسکول کے اوقات میں تبدیلی ہوتی ہے تو اسکول بس سروس کی فراہمی کی ضمانت نہیں دی جا سکے گی۔

# اسکول بس سروس کی فیس

بلدیاتی ایگزیکٹو کونسل کی قرارداد نمبر **158/G.C.** مورخہ **۲۷,۱۱,۲۰۲۵** کے مطابق فیس درج ذیل ہے:

## نرویانو کے رہائشی طلبہ

## اسکول بس سروس مکمل طور پر مفت ہے۔

## نرویانو کے غیر رہائشی طلبہ

سالانہ مقررہ فیس**€320.00** :

**یہ ایک مقررہ سالانہ فیس ہے اور اس کا تعین ISEE کی بنیاد پر نہیں کیا جائے گا۔**

ٹرانسپورٹ سروس کی سالانہ فیس **دو مساوی اقساط** میں وصول کی جائے گی۔

اگر کوئی طالب علم تعلیمی سال کے دوران اسکول بس سروس سے دستبردار ہو جاتا ہے تو **جس قسط کی مدت جاری ہوگی، اس قسط کی ادائیگی بہرحال لازم ہوگی۔**

## رابطہ اور شکایات

سروس کو بہتر طریقے سے چلانے اور بلدیہ کے ساتھ مؤثر تعاون کو یقینی بنانے کے لیے والدین اور سرپرستان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اسکول بس سروس میں کسی بھی قسم کی خرابی، بے قاعدگی، دشواری یا مسئلہ پیش آنے کی صورت میں متعلقہ دفترِ تعلیم سے رابطہ کریں۔

**نرویانو، ۰۳ ستمبر ۲۰۲۶**

**ذمہ دار، شعبۂ خدماتِ عامہ**

**ڈاکٹر Stefania Parrello**

یہ دستاویز **D.Lgs. n. 82/2005** کے آرٹیکل ۲۰، ۲۱ اور متعلقہ دفعات کے مطابق ڈیجیٹل طور پر دستخط شدہ ہے۔


**Comune di Nerviano**

Piazza Manzoni 14

Ufficio Pubblica Istruzione

ٹیلیفون: **0331/438936 – 35**

ای میل: **istruzione.sport@comune.nerviano.mi.it**